ALL INDIA MUSLIM
PERSONAL LAW BOARD

آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ

Ref. No...............
Date. 23-05-2019

بسم اللہ تعالیٰ

مسلمان اپنے اندر ہمت، عزم اور حوصلہ پیدا کریں

انتخابات کے نتائج پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ کے جنرل سکریٹری حضرت مولانا محمد ولی رحمانی صاحب مدظلہ نے فرمایا:

انتخابات کے نتائج سب کے سامنے ہیں جو ہونا تھا ہو چکا، اور کوئی شبہ نہیں کہ آنے والے دنوں میں حالات تشویش ناک رخ اختیار کر سکتے ہیں، لیکن اہل ایمان کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ مشکل سے مشکل حالات میں بھی صبر واستقامت کی راہ پر چلیں اور مایوسی اور ناامیدی کا شکار نہ ہوں، ہمارے بڑوں اور بزرگوں نے بہت سوچ سمجھ کر اس ملک میں رہنے کا فیصلہ کیا ہے، اور ہم اس فیصلے پر قائم ہیں، ہم اس ملک میں اپنے تمام تر تشخصات کے ساتھ رہیں گے۔ حالات کے دباؤ میں دین وایمان کے کسی چھوٹے سے چھوٹے حصے سے دستبردار ہونے کے لیے ہم تیار نہیں ہیں۔

یہ بات بھی ذہن میں رہنی چاہئے کہ ماضی میں مسلمانوں پر اس سے بھی زیادہ سخت حالات آچکے ہیں اور ایسا دور بھی گذرا ہے کہ جب چاروں طرف اندھیرا ہی اندھیرا نظر آتا تھا لیکن پھر اللہ پاک نے اندھیریوں کے درمیان اجالے کی کرن ظاہر فرمائی، اب بھی تمام اہل ایمان کو اللہ پاک کی ذات پر بھروسہ رکھنا چاہئے اور ایمان ویقین اور اچھے اعمال کی راہ پر آگے بڑھنا چاہئے اس جذبے کے ساتھ کہ آنے والے چیلنجز کا ہم پوری ہمت، عزم اور حوصلے کے ساتھ مقابلہ کریں گے، اور توحید کی امانت کے ساتھ زندہ رہیں گے اور اسی کے ساتھ دنیا سے رخصت ہوں گے۔

76A/1, MAIN MARKET, OKHLA VILL., JAMIA NAGAR, NEW DELHI-110025
Ph.: 011-26322991, Telefax: 011-26314784, E-mail: aimplboard@gmail.com
Website : www.aimplboard.in